2188-ایک عیسائی کے گھر میں تھا کہ نماز کا وقت ہوگیا

سوال

بعض اوقات میں کسی عیسائی کے گھر میں ہوتا ہوں تو نماز کا وقت ہوجاتا ہے، اور میں اپنی جائے نماز لے کران کے سامنے نماز ادا کرنا شروع کردیتا ہوں، توکیا میری نماز صحیح ہے، کیونکہ نماز عیسائی کے گھر میں ادا کی گئی ہے ؟

پسندیدہ جواب

جی ہاں آپ کی
نماز صحیح ہے، اللہ تعالی آپ کو اپنی اطاعت کرنے کی حرص اور بھی زیادہ فرمائے، اور
خاص کر نماز پنچگانہ کو صحیح اوقات میں ادا کرنے کی توفیق نصیب فرمائے، واجب یہ ہے
کہ آپ نماز باجماعت ادا کرنے کی کوشش کریں، اور حسب استطاعت مساجد میں نماز ادا کر
کے مساجد کو آباد کریں.